

# لیٹنٹ تپ دق انفیکشن

ٹیسٹنگ اور علاج
کے بارے میں جانیں

تپ دق (Tuberculosis, TB) کے جراثیم جان لیوا بیماری کا سبب بن سکتے ہیں۔ خوش قسمتی سے، بہت سے لوگوں میں تپ دق انفیکشن کا علاج ان کے بیمار ہونے سے پہلے کیا جا سکتا ہے۔


- تپ دق انفیکشن کے بارے میں **جانیں**۔
- اگر آپ خطرے میں ہیں تو **ٹیسٹ کروائیں**۔
- اگر آپ کو تپ دق انفیکشن ہے تو **علاج کروائیں**۔

# جانیں

**تپ دق انفیکشن** ایک قسم کے بیکٹیریا کی وجہ سے ہوتا ہے جسے مائکوبیکٹیریم ٹیوبر کلوسز کہتے ہیں۔ جو شخص تندرست محسوس کرتا ہے اسے اب بھی تپ دق کا انفیکشن ہو سکتا ہے۔ نگہداشت صحت فراہم کنندگان اسے **لیٹنٹ (غیر فعال) تپ دق انفیکشن** کہتے ہیں۔ لیٹنٹ کا مطلب غیر فعال ہے۔

- انفیکشن آپ کے جسم میں طویل عرصے تک رہ سکتا ہے۔ یہ با لآخر آپ کو شدید بیمار کر سکتا ہے۔
- اگر آپ انفیکشن سے بیمار ہوجاتے ہیں تو اسے **فعال تپ دق بیماری** کہا جاتا ہے۔
- تپ دق انفیکشن کے لیے دوائی لینا آپ کو **فعال تپ دق بیماری** سے بچا سکتا ہے۔
- **فعال تپ دق بیماری** ایک سنگین بیماری ہے اور اگر علاج نہ کیا جائے تو لوگ اس سے مر سکتے ہیں۔

آپ سے **لیٹنٹ تپ دق انفیکشن** دوسروں میں نہیں پھیل سکتا۔ لیکن اگر آپ **فعال تپ دق بیماری** سے بیمار ہو جاتے ہیں تو آپ دوسرے لوگوں کو بھی بیمار کر سکتے ہیں۔ آپ **فعال تپ دق بیماری** کو صرف کھانسنے یا بولنے سے پھیلا سکتے ہیں۔



# جانیں

## لیٹنٹ تپ دق انفیکشن کیسا محسوس ہوتا ہے؟

لیٹنٹ تپ دق انفیکشن کسی بھی علامات کا سبب نہیں بنتا لہذا یہ عام طور پر محسوس نہیں ہوتا۔ یقینی طور پر جاننے کا واحد طریقہ تپ دق ٹیسٹ کروانا ہے۔

## فعال تپ دق بیماری کیسی محسوس ہوتی ہے؟

### فعال تپ دق بیماری میں مبتلا افراد کو یہ درپیش ہو سکتے ہیں:

- ایسی کھانسی جو دور نہ ہو
- تیز بخار
- رات کو پسینہ آنا
- شدید تھکاوٹ
- وزن میں کمی

**میں خود کو اور اپنے خاندان کو کیسے محفوظ رکھ سکتا ہوں؟ ٹیسٹ کروائیں اور علاج کروائیں۔**

## لیٹنٹ تپ دق انفیکشن کی ایک کہانی

"کچھ سال پہلے، میرا تپ دق کا خون کا ٹیسٹ مثبت آیا۔ میرے ڈاکٹر نے مجھے بتایا کہ مجھے لیٹنٹ تپ دق انفیکشن ہے۔ میں تندرست محسوس کر رہا تھا اس لیے میں نے وہ دوائی نہیں لی جو اس نے مجھے دی تھی۔ پچھلے مہینے، میں بخار اور کھانسی سے بہت بیمار ہوگیا۔ مجھے اب فعال تپ دق کی بیماری ہے۔ مجھے ابھی بہت سی دوائیاں لینی پڑتی ہیں۔ ممکن ہے میں نے دوسرے لوگوں کو بھی بیمار کر دیا ہو۔ ایسا نہ ہوتا اگر میں نے اپنی دوائی اس وقت لے لی ہوتی جب مجھے پتہ چلا تھا کہ مجھے تپ دق انفیکشن ہے۔"

# ٹیسٹ کروائیں

## مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ آیا مجھے تپ دق کا انفیکشن ہے؟ جاننے کا واحد طریقہ ٹیسٹ کروانا ہے۔

### اگر آپ ان سوالوں میں سے کسی کا جواب ہاں میں دیتے ہیں تو ٹیسٹ کروائیں:

- کیا آپ کسی ایسے شخص کے ساتھ رہے ہیں یا اس کے ساتھ وقت گزارا ہے جسے **فعال تپ دق بیماری** تھی یا ممکنہ طور پر فعال تپ دق بیماری تھی؟
- کیا آپ کو HIV، ذیابیطس، کینسر یا کوئی اور طبی عارضہ ہے جو آپ کے مدافعتی نظام کو کمزور کر سکتا ہے؟
- کیا آپ کوئی ایسی دوائی لے رہے ہیں جو آپ کے مدافعتی نظام کو کمزور کرتی ہے؟
- کیا آپ کی پیدائش کسی ایسے خطے میں ہوئی ہے جہاں تپ دق کے کیسوں کی تعداد بہت زیادہ ہوتی ہے، جیسے افریقہ، ایشیا، میکسیکو، وسطی یا جنوبی امریکہ، کیریبین، یا مشرقی یورپ یا آپ نے (مسلسل 30 دن سے زیادہ) ان خطوں کا سفر کیا ہے یا ان میں مقیم رہے ہیں؟

اپنے فراہم کنندہ سے تپ دق انفیکشن کے لیے خون کے ٹیسٹ کے لیے کہیں۔

## لیٹنٹ تپ دق انفیکشن کی ایک کہانی

"میرا تعلق ایک ایسے ملک سے ہے جہاں بہت سے لوگوں کو تپ دق ہے۔ ڈاکٹر نے میرا خون کا ٹیسٹ کیا۔ ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آیا۔ اگرچہ میں بیمار محسوس نہیں کرتا تھا، مجھے یہ جان کر خوشی ہوئی۔ میں اپنے **لیٹنٹ تپ دق** انفیکشن کا علاج کروا رہا ہوں اس لیے میں **فعال تپ دق کی بیماری** سے بیمار نہیں ہوں گا۔"

# علاج کروائیں

## مجھے پتہ چلا کہ مجھے لیٹنٹ تپ دق انفیکشن ہے۔ اب آگے کیا ہوگا؟

اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں کہ آپ کو کون سا علاج کروانا چاہیے۔ علاج کی مختلف آپشنز دستیاب ہیں۔ لیٹنٹ تپ دق انفیکشن کا علاج آپ کو **فعال تپ دق بیماری** سے بیمار ہونے سے بچانے میں مدد کرتا ہے ورنہ جسے آپ دوسرے لوگوں میں پھیلا سکتے ہیں۔

> **علاج کروانا آپ کو اور آپ کے پیاروں کو تحفظ فراہم کرے گا۔**

## لیٹنٹ تپ دق انفیکشن کی ایک کہانی

"میں نے سوچا تھا کہ میرے **لیٹنٹ تپ دق انفیکشن** کا علاج کرنے میں واقعی کافی وقت لگے گا۔ میرے ڈاکٹر نے مجھے ایک نئے، مختصر علاج کے بارے میں بتایا۔ اس میں صرف تین مہینے لگے۔ مجھے ہر ہفتے صرف ایک بار دوائی لینا پڑتی تھی۔ اب جب کہ میرا علاج مکمل ہو گیا ہے، مجھے اس بات کی فکر نہیں ہے کہ مجھ میں **فعال تپ دق کی بیماری** پیدا ہو گی اور مجھ سے اپنے خاندان میں پھیلے گی۔"

# وسائل

- "NYC Health Map" (NYC ہیلتھ میپ):
  **nyc.gov/health/map**
- NYC محکمہ صحت کے Chest Centers (چھاتی کے مراکز) آپ کی زبان میں تپ دق کی مفت تشخیص اور علاج فراہم کرتے ہیں۔ وہ آپ سے آپ کی ترک وطن کی حیثیت کے بارے میں نہیں پوچھتے۔
- مراکز برائے بیماری پر کنٹرول اور روک تھام (Centers for Disease Control and Prevention, CDC) کی تپ دق کے حوالے سے ذاتی کہانیاں:
  **cdc.gov/tb/topic/basics/personalstories.htm**
- We Are TB مریض کا سپورٹ نیٹ ورک:
  **wearetb.com**

**اپنی اور اپنے پیاروں کی حفاظت کے لیے ٹیسٹ اور علاج کروائیں۔**

مزید معلومات کے لیے، اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں یا **nyc.gov/health/tb** ملاحظہ کریں۔

NYC Health